PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT,
KHYBER PAKHTUNKHWA

https://www.pakp.gov.pk 0919210489 Ext: 1215 https://www.facebook.com/pakpgov

Most Immediate
Assembly Business

No.PA/Khyber Pakhtunkhwa Legis-I (R)/2026/ 5546
Date, Peshawar the 27/04/2026/

To,

The Secretary to Government of Khyber Pakhtunkhwa,
Inter Provincial Coordination Department.

Subject: - **JOINT RESOLUTION No. 241 ADOPTED BY THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to say that the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa in its sitting held on **22-04-2026** passed Per-Majority the following Joint Resolution No.**241** moved by Mr. Aftab Alam, Minister for Law, Khaliq ur Rehman, Minister for Health, Syed Fakhar Jehan, Minister for Excise and Taxation and Narcotics Control, Mr. Aqib Ullah Khan, Minister for Relief Rehabilitation and Settlement, Muhammad Arif, Mr. Fazal Hakeem, Mr. Abdul Karim, Mr. Shakeel Ahmad, Mr. Shafi Ullah, Mr. Laiq Muhammad Khan, Mr. Pakhtoon Yar Khan, Mr. Ajmal Khan, Mr. Ubaid Ur Rahman, Mr. Sher Ali Afridi, Mr. Mahboob Sher, Mr. Sami Ullah Khan, Mr. Munir Hussain, Mr. Sultan Room, Syed Qasim Ali Shah, Muhammad Anwar Khan, Mr. Gul Ibrahim Khan, Mr. Akhtar Khan, Mr. Abdul Kabir Khan, Mr. Muhammad Yamin, Muhammad Adnan Qadri, Members Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa. The resolution is given below:-

یہ معزز ایوان مشرق وسطیٰ میں حالیہ کشیدگی اور اسرائیل و امریکہ کی جانب سے ایران کے خلاف جارحانہ اقدامات پر گہری تشویش اور افسوس کا اظہار کرتا ہے۔

امریکی اسرائیلی جارحیت سے ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ آئی سمیت سو سے زائد اعلیٰ قیادت کی شہادت ہوئی اور سکول پر بمباری کے باعث 169 معصوم بچوں کی شہادت بھی ہوئی جو کہ ایران کی لیے ناقابل تلافی نقصان ہے اللہ پاک ان کی مغفرت فرمائے۔ اسرائیلی جنگی جنون سے ایران اور خطے کی ساتھ ساتھ فلسطین، غزہ اور لبنان کے خلاف بھی جارحیت اور ظالمانہ کاروائیاں جاری ہیں جو سراسر ناجائز، غیر انسانی اور دنیا کے امن کے خلاف ہیں۔

یہ ایوان اس امر کو اجاگر کرتا ہے کہ اس طرح کے اقدامات نہ صرف بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ کے چارٹر کی خلاف ورزی ہیں بلکہ خطے کے امن و استحکام کے لیے بھی شدید خطرہ ہیں، جن کے نتیجے میں بے گناہ شہریوں کی جانوں کو نقصان پہنچ رہا ہے۔

یہ معزز ایوان مظلوم عوام، ایران، فلسطین اور لبنان کے عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے اور ان کے بنیادی انسانی حقوق، حق خودارادیت اور آزادی کی جدوجہد کی حمایت کرتا ہے۔ اور امریکہ و اسرائیل کے ان ظالمانہ و جارحانہ اقدامات کی شدید مذمت کرتا ہے۔

امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے اس جارحیت اور ظلم کا ایجنڈا GREATER ISRAEL کا قیام ہے۔

لہذا یہ ایوان وفاقی حکومت پاکستان سے پرزور مطالبہ کرتا ہے کہ عالمی سطح پر مؤثر سفارتی کوششیں تیز کی جائیں تاکہ مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کو کم کیا جاسکے۔

اقوام متحدہ سمیت دیگر عالمی فورمز پر اس مسئلے کو بھرپور انداز میں اٹھایا جائے۔ متاثرہ ممالک کے عوام کے لیے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امدادی سرگرمیوں کو فروغ دیا جائے۔ امت مسلمہ کے اتحاد اور مشترکہ موقف کو مضبوط بنانے کے لیے اقدامات کیے جائیں اور اس بابت اسلامی ملکوں کی تنظیم آرگنائزیشن آف اسلامک کنٹریز پر بھی فعال کردار ادا کرنے کے لیے زور دیا جائے اور اسلامی ممالک کو متحد کرے جیسا کہ عمران خان نے اپنے دور اقتدار میں پاکستان میں کانفرنس منعقد کر کے کیا تھا۔ وفاقی حکومت فوری طور پر غزہ پیس بورڈ سے پاکستان کو الگ کرے اور اس کی رکنیت کو ختم کرے اور مسلم دنیا کے حقوق کا تحفظ کرے بالخصوص مقدس ارض قبلہ اول کی حفاظت کو یقینی بنائے۔

یہ ایوان عالمی برادری سے بھی مطالبہ کرتا ہے کہ وہ فوری طور پر اس صورتحال کا نوٹس لے اور خطے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔

لہٰذا یہ قرارداد منظوری کیلئے پیش کی جاتی ہے۔

You are, therefore requested that action taken on the resolution may be intimated to this Secretariat within a period of ninety days from the date of its communication under sub-rule (2) of Rule 165 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 2025 for circulation amongst the Members of the Assembly.

Yours faithfully,

(NAJEEB ULLAH)
Assistant Secretary-XI,
Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa